# صرف اور صرف اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، تمہارے آباو اجداد جو کچھ کہتے ہیں، اسے چھوڑ دو اور وہ ہمیں نماز پڑھنے کا حکم دیتا ہے اور سچائی کا

ابو سفیان صخر بن حرب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ ہرقل نے پوچھا: وہ شخص یعنی نبی ﷺ تمھیں کس بات کا حکم دیتا ہے؟ ابو سفیان کہتے ہیں کہ میں نے جواب دیا: وہ کہتا ہے کہ صرف اور صرف اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، تمہارے آباو اجداد جو کچھ کہتے ہیں، اسے چھوڑ دو اور وہ ہمیں نماز پڑھنے کا حکم دیتا ہے اور سچائی اور پاک دامنی اپنانے اور صلہ رحمی کرنے کی تلقین کرتا ہے

[صحیح] [متفق علیہ]

یہ ابو سفیان صخر بن حرب رضی اللہ عنہ کی ہرقل کے ساتھ ہونے والی مشہور گفتگو ہے ابو سفیان اس وقت مشرک تھے کیوں کہ انھوں نے بہت دیر سے صلح حدیبیہ اور فتح مکہ کے درمیان اسلام قبول کیا تھا ابو سفیان قریش کے کچھ لوگوں کے ہم راہ شام میں ہرقل کے پاس آئے ہرقل اس وقت عیسائیوں کا بادشاہ تھا اس نے توریت اور انجیل پڑھ رکھی تھی اور سابقہ کتابوں کا علم رکھتا تھا وہ ایک زیرک بادشاہ تھا اس نے جب حجاز سے آنے والے ابو سفیان اور ان کے ہم راہیوں کے بارے میں سنا، تو انھیں بلا بھیجا اور ان سے نبی ﷺ کے بارے میں پوچھنا شروع کر دیا کہ آپ ﷺ کا نسب کیا ہے، آپ ﷺ کے صحابہ کیسے ہیں، وہ آپ ﷺ کی کیسے توقیر کرتے ہیں اور آپ ﷺ کے ساتھ کس حد تک وفادار ہیں؟؟ وہ جو بات پوچھتا، یہ لوگ اسے اس کے بارے میں بتاتے، یہاں تک کہ وہ جان گیا کہ آپ ﷺ وہی نبی ہیں، جس کی خبر سابقہ کتابوں نے دی ہے تاہم حکمتِ الٰہی کے پیش نظر وہ اپنی بادشاہت کی لالچ میں اسلام قبول نہ کیا العیاذ باللہ ابو سفیان سے اس نے جوسوالات کیے، ان میں سے ایک یہ بھی تھا کہ نبی ﷺ انھیں کس بات کا حکم دیتے ہیں؟ ابو سفیان نے اسے بتایا کہ آپ ﷺ انھیں حکم دیتے ہیں کہ وہ اللہ کی عبادت کریں، اس کے ساتھ کسی شے کو شریک نہ ٹھہرائیں اور اللہ کے سوا کسی بھی فرشتے، رسول، درخت، پتھر اور سورج و چاند وغیرہ کی عبادت نہ کریں عبادت کی سزاوار صرف اور صرف اللہ کی ذات ہے تمام انبیا نے اسی بات کی دعوت دی چنانچہ نبی ﷺ بھی وہی پیغام لے کر آئے، جوآپ ﷺ سے پہلے سابقہ انبیا لے کر آئے کہ عبادت صرف اور صرف اللہ کی ہونی چاہیے اور یہ کہ اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور وہ (یعنی نبی ﷺ) کہتے ہیں کہ: "جس دین پر تمہارے آباو اجداد تھے، اسے چھوڑ دو" یہ حق کا برملا اظہار ہے ان کے آباو اجداد جو بتوں کی پوجا کیا کرتے تھے، نبی ﷺ نے اسے چھوڑ دینے کا حکم فرمایا تاہم ان کے آباو اجداد میں جو اعلی اخلاقی خوبیاں تھیں، ان کے ترک کر نے کا آپ ﷺ نے حکم نہیں دیا ابو سفیان نے کہا: "اور وہ ہمیں نماز پڑھنے کا حکم دیتا ہے" نماز بندے اور اس کے رب کے مابین تعلق کا نام ہے ارکان اسلام میں توحید و رسالت کی شہادت کے بعد یہ سب سے اہم رکن ہے یہی مؤمن و کافر کے مابین مابہ الامتیاز ہے یہی وہ معاہدہ ہے، جو ہمارے اور مشرکین و کفار کے مابین ہے جیسا کہ نبی ﷺ نے فرمایا: "ہمارے اور ان کے مابین جو معاہدہ ہے، وہ نماز ہے جس نے اسے چھوڑ دیا اس نے یقینا کفر کیا" ابو سفیان نے کہا: "وہ ہمیں سچائی اختیار کرنے کا حکم دیتے ہیں" نبی ﷺ اپنی امت کو سچائی کا حکم دیتے ہیں یہ ایسے ہی جیسا کہ اللہ تعالی کا فرمان ہے: "يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ" (التوبة: 119) ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہو سچائی ایک اعلی اخلاقی صفت ہے، جس کی دو اقسام ہیں: اللہ کے ساتھ سچائی اور اللہ کے بندوں کے ساتھ سچائی اور دونوں ہی اعلی اخلاقی صفات میں سے ہیں ابو سفیان نے کہا: "اور آپ ﷺ ہمیں پاک دامنی اختیار کرنے کا حکم دیتے ہیں" "عفاف" کے معنی ہیں: پاک دامنی عفت (پاک دامنی) کی دو اقسام ہیں: شر م گاہ کی شہوت سے عفت اور پیٹ کی شہوت سے عفت پہلی قسم کی عفت سے مراد یہ ہے کہ انسان زنا اور اس کے وسائل و ذرائع سے

دور ر□□، جو اس ک□ لی□ حرام □یں□ دوسری قسم کی عفت، پیٹ کی ش□وت س□ عفت □□□ یعنی لوگوں ک□ پاس جو کچھ (سامان دنیا ) □□، اس س□ عفت اختیار کرنا اور ان س□ مانگن□ س□ پر□یز کرنا، بایں طور ک□ و□ کسی شخص س□ کوئی ش□ ن□ مانگ□□ کیوں ک□ مانگنا باعث ذلت □□ اور مانگن□ وال□ کا □اتھ کم تر اور نچلا □وتا □□، جب ک□ دین□ وال□ کا □اتھ اوپر □وتا □□□ چنانچ□ سوائ□ اس ش□ک□ جس ک□ بغیر چار□ □ی ن□ □و، آپ ک□ لی□ کسی س□ مانگنا جائز ن□یں□ پانچویں ش□ جس ک□ بار□ میں ابو سفیان ن□ بتایا و□ صل□ رحمی □□، جس س□ مراد ی□ □□ ک□ اللہ ن□ جن لوگوں س□ صل□ رحمی کا حکم دیا □□، انسان ان س□ صل□ رحمی کر□ اور اس سلسل□ میں ان س□ اپنی رشت□ داری ک□ درجات کو ملحوظ رکھ□□ رشت□ داروں میں سب س□ پہل□ والدین آت□ □یں، جن ک□ ساتھ اچھا تعلق رکھنا نیکی بھی □□ اور صل□ رحمی بھی□ رشت□ دار جتنا قریبی □و، اسی قدر اس س□ صل□ رحمی □و گی□ چنانچ□ چچا کی ب□ نسبت بھائی س□ صل□ رحمی کی زیاد□ تاکید □□ اور باپ ک□ چچا کی ب□ نسبت اپن□ چچا س□ صل□ رحمی زیاد□ اہ□م □□□ صل□ رحمی □ر اس طریق□ س□ □و سکتی □□، جو لوگوں ک□ نزدیک معروف □□□

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3154